Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۱ رجب المرجب سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۲۵ جولائی سنہ ۱۹۴۲ء | جلد ۵۵

حصۂ اوّل

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری تقرر عارضی مسٹر رگھونندن کشور صاحب بعہدہ اسسٹنٹ ایڈوکیٹ تا واپسی عالی مرتبت مسٹر ہوری لال صاحب بہادر اسٹیٹ ایڈوکیٹ	۲

آرڈرز ان کونسل رامپور اسٹیٹ۔

۱	منظوری مستقلی مسٹر محمود الحسن زبیری شفٹ سپروائزر	۳	۲	منظوری اشاعت مسودہ ترمیم قانون دیوالیہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۳۲ء (بغرض حصول رائے عامہ)	۳

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- مورخہ ۱۰ر جولائی ۱۹۳۲ء

بموجب صراحت رپورٹ تجویز منظور ہے۔ تنخواہ تاریخ کارکردگی سے دی جائے گی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

باقی آرڈر

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعزعرض — میرسانند

جناب عالی

اعلیٰ حضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم نے عالی مرتبت مسٹر بہوری لال صاحب بہادر اسسٹنٹ ایڈوکیٹ کو اندور طلب فرمالیا ہے۔ وہاں سے ان کی واپسی اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم کے ہمرکاب ہوگی۔ حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم کی مراجعت کی تاریخ کا تعین نہیں ہوا ہے۔ مولوی بشیر احمد خاں صاحب اسسٹنٹ اسٹیٹ ایڈوکیٹ بھی سرکار بہادر کے ہمرکاب اندور گئے ہوئے ہیں۔ بدیں وجہ اس انتظام کی ضرورت محسوس کی گئی کہ عالی مرتبت مسٹر بہوری لال صاحب بہادر کی واپسی تک کے لئے مسٹر گوبند نرائن کشور صاحب کا بعہدہ اسٹیٹ ایڈوکیٹ بمشاہرہ چار سو روپیہ ماہانہ و چالیس روپیہ موٹر الاؤنس از تاریخ کارکردگی عارضی تقرر فرمایا جائے۔

عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر سے اس تجویز کے مالی پہلو کے متعلق مشورہ کرلیا گیا ہے۔ بجٹ کی رو سے بجٹ افسران قانونی میں برائے تنخواہ رقم بمد مشاہرات اور برائے موٹر الاؤنس رقم باقی ہے بجید

موٹر الاؤنس منتقل ہوجائے گی۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت بحضور معلّی پیش ہیں۔ ترقی خواہ مندی ہے کہ بنگاہ ہمایوں حسب صراحت معروضہ بالا حکم منظوری مشرف صدور پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۰ر جولائی ۱۹۳۲ء

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۱۳۸ واقع ۲۲ رجولائی سنہ ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۲۰ رجولائی سنہ ۱۹۲۲ء میں عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بایں تفصیل پیش ہوئی کہ مسٹر محمود الحسن زبیری شفٹ سپروائزر کا عارضی تقرر بمشاہرہ اسی روپیہ برائے ایکسال حسب اتفاق سروس سلکشن بورڈ ۱۰ رجون سنہ ۱۹۲۰ء سے منظور ہوا تھا۔ اس کے بعد بحکم ۱۴ رجون سنہ ۱۹۲۱ء بموجب اسکیم تنظیم محکمہ بجلی گھر نامبردہ کی عارضی مدت ملازمت میں ۱۰ رجون سنہ ۱۹۲۱ء سے ایکسال کی توسیع بمشاہرہ ایک سو روپیہ منظور ہوئی جسکی مدت بتاریخ ۹ رجون سنہ ۱۹۲۲ء ختم ہوگئی۔ لہذا الکٹریکل انجینیر صاحب نے ۱۰ رجون سنہ ۱۹۲۲ء سے نامبردہ کی مستقلی کی سفارش کی ہے اس سلسلہ میں سکریٹری صاحب بہادر سروس سلکشن بورڈ نے مشتاق علیخاں ساکن محلہ زینہ عنایت خاں کے تقرر کی سفارش کی جو علیگڈہ یونیورسٹی سے الکٹریکل اور مکینکل انجینیرنگ کا کورس پاس کرچکے ہیں اور سٹی اینڈ گلڈس لندن کا کورس بھی لے چکے ہیں لیکن صاحب الکٹریکل انجینیر نے مشتاق علیخاں کو شفٹ سپروائزری کی جگہ کے واسطے موزوں نہیں پایا لہذا مسٹر محمود الحسن زبیری ساکن لکھنؤ کی مستقلی، جنھوں نے لکھنؤ ٹکنیکل انسٹیٹیوٹ سے الکٹریکل مکینکل پاس کیا ہے اور سٹی اینڈ گلڈس لندن انسٹیٹیوٹ کا امتحان بھی پاس کیا ہے اور دو سال تک ریاست کی ملازمت کا تجربہ بھی ہے۔ قابل منظوری ہے۔

طے پایا کہ :-

حسب تجویز مسٹر محمود الحسن زبیری شفٹ سپرنٹنڈنٹ مشاہرہ دار ایک سو روپیہ ماہانہ کو ۱۰ رجون سنہ ۱۹۲۲ء سے مستقل کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ متعلقہ مسل سررشتۂ صدر سے اصل محافظخانہ کیجائیں۔ دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۱۶۱ واقع ۲۲ رجولائی سنہ ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۲۰ رجولائی سنہ ۱۹۲۲ء میں عالی رتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کی تجویز متعلق کارروائی اشاعت مسودہ ترمیم قانون دیوالیہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۲ء پیش ہوکر طے پایا کہ :-

کونسل کو اتفاق ہے کہ مسودہ ترمیم قانون مذکور بغرض حصول رائے عامہ گزٹ میں شائع کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع مسودہ ترمیم قانون دیوالیہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۲ء بغرض حصول رائے عامہ سرکاری گزٹ میں شائع کئے جانے کے لئے سپرنٹنڈنٹ صاحب صیغۂ طباعت کے پاس مرسل ہو۔ مسل کاغذات بعد کارروائی اشاعت بخدمت عالیرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی مرسل ہوں۔

دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نوٹ :- مسودہ محولۂ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہے۔